فروری —— زیر بچے باغ میں لگائیں ۔ زائد زیر بچوں کو پودوں سے علیحدہ کریں ، زیادہ پھل دینے والے پودوں کو سہارا دیں ۔ پودوں کو امونیم سلفیٹ ڈالیں ، آٹھ دن کے وقفے سے آبپاشی کرتے رہیں ۔

مارچ —— زیر بچے باغ میں لگائیں ۔ آبپاشی کا خیال رکھیں ۔ زائد زیر بچے پودوں سے علیحدہ کریں پھل توڑیں ۔

اپریل —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔ آبپاشی ۔ گوڈی وغیرہ کا خیال رکھیں ۔ نئے لگائے ہوئے پودوں کو امونیم سلفیٹ دیں ۔

مئی —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ، آبپاشی ۔ گوڈی وغیرہ کا خاص خیال رکھیں ۔

جون —— پودوں کی گرمی سے حفاظت کریں ۔ آبپاشی اور گوڈی کا خاص خیال رکھیں ۔ فصل کی برداشت جاری رکھیں ،

جولائی —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔ پودوں کو ولائتی کھاد ڈالیں ، زائد زیر بچوں کو پودوں سے علیحدہ کریں ۔ نئے زیر بچے باغ میں لگائیں ۔

اگست —— فصل کی برداشت کریں ۔ زائد زیر بچے علیحدہ کریں ۔ نئے زیر بچے باغ میں لگائیں ۔

ستمبر —— فصل کی برداشت جاری رکھیں زائد زیر بچے علیحدہ کریں ۔ نئے زیر بچے باغ میں لگائیں ۔

اکتوبر —— فصل کی برداشت کریں ۔ پودوں کو مصنوعی کھاد دیں ،

نومبر —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔

Marfat.com

دسمبر ـــــــ فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔

امرود

جنوری ـــــــ باغ لگانے کے لئے زمین تیار کریں ۔ باغ کی داغ بیل ڈالیں اور گڑھے کھودیں ۔ موسم سرما کی فصل کو منڈی میں بھجوائیں ۔

فروری ـــــــ گڑھے بھریں ۔ پودوں کو باغ میں لگائیں ۔ پنیری کو گملوں میں تبدیل کریں ۔ تخمی پودے پیدا کرنے کے لئے بیج بوئیں ۔

مارچ ـــــــ پودوں کو باغ میں لگائیں ۔ فصل کی برداشت کریں ۔ پنیری کو گملوں میں تبدیل کریں ۔

اپریل ـــــــ پودوں کو بغلگیر پیوند کریں ۔ پودوں کو مصنوعی کھاد دیں ۔

مئی ـــــــ آبپاشی، گوڈی اور نلائی وغیرہ کا خاص خیال رکھیں ۔ بیمار پھل اکٹھا کر کے زمین میں دبا دیں پھلی دار فصلوں کی کاشت کریں ۔

جون ـــــــ آبپاشی اور گوڈی و نلائی کا خاص خیال رکھیں ۔ بیمار پھل کو اکٹھا کر کے زمین میں دبا دیں ۔ بغلگیر پیوند کئے ہوئے پودوں کو درختوں سے علیحدہ کریں ، تخمی پودوں کو پیوند کے لئے گملوں میں تبدیل کریں ۔

جولائی ـــــــ پھل کی برداشت شروع کریں ۔ تخمی پودوں کو بغلگیر پیوند کریں ،

اگست ـــــــ گرما کی فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔ پھل کی مکھی کے خلاف سپرے کریں ۔

ستمبر ـــــــ گڑھے بھریں اور پودوں کو باغ میں لگائیں ۔ تخمی پودے پیدا کرنے کے لئے بیج بوئیں ۔ تخمی پودوں کو بغلگیر پیوند کریں ۔ برسیم اور دوسری پھلی دار فصلیں کاشت کریں ۔

اکتوبر ـــــــ پودوں کو باغ میں لگائیں ۔ برسیم اور دوسری پھلی دار فصلیں کاشت کریں ۔ بغلگیر پیوند کئے ہوئے پودوں کو علیحدہ کریں ۔

Marfat.com

نومبر —— اگست ۔ ستمبر میں بغلگیر پیوند کئے ہوئے پودوں کو علیحدہ کریں
چھوٹے نرسری کے پودوں کی کورے سے حفاظت کریں ۔

دسمبر —— چھوٹے اور نرسری کے پودوں کی کورے سے حفاظت کریں ۔

لوکاٹ

جنوری —— باغ لگانے کے لئے زمین تیار کریں ۔ نئے پودے لگانے کے لئے گڑھے
کھودیں ۔

فروری —— گڑھے بھریں اور پودوں کو باغ میں لگائیں ۔ تخمی پودوں کو بغلگیر
پیوند کرنے کے لئے گملوں میں منتقل کریں ۔

مارچ —— پودوں کو باغ میں لگائیں پھل توڑیں ۔ تخمی پودوں کو گملوں میں تبدیل کریں

اپریل —— تخمی پودے پیدا کرنے کے لئے گٹھلیاں بوئیں ۔ تخمی پودوں کو بغلگیر
پیوند کریں ۔ پھل توڑیں ۔

مئی —— آبپاشی گوڈی اور نلائی کا خاص خیال رکھیں ،

جون —— چھوٹے پودوں کو گرمی سے محفوظ رکھنے کا انتظام کریں ۔ آبپاشی
کا خیال رکھیں ۔ بغلگیر پیوند کئے ہوئے پودوں کو درختوں سے علیحدہ کریں ۔

جولائی —— تخمی پودوں کو گملوں میں تبدیل کریں ۔

اگست —— تخمی پودوں کا بغلگیر پیوند کریں ۔ پیوند کے لئے پودوں کو گملوں میں
منتقل کریں ۔ پودوں کو گوبر کی کھاد دیں ۔ باغ لگانے کے لئے زمین کی تیاری
کریں ۔ داغ بیل اور گڑھے کھودیں ۔

ستمبر —— تخمی پودوں کا بغلگیر پیوند کریں ۔ تخمی پودوں کو پیوند کے لئے گملوں
میں تبدیل کریں ۔

اکتوبر —— بغلگیر پیوند کئے ہوئے پودوں کو علیحدہ کریں ۔

نومبر —— بغلگیر پیوند کئے ہوئے پودوں کو علیحدہ کریں ۔ پودے پھول دینا

Marfat.com

شروع کر دیتے ہیں

دسمبر ـــــ چھوٹے پودوں کی کورے سے حفاظت کریں پودے پر پھول آنا شروع ہو جاتے ہیں ۔

بیر

جنوری ـــــ دیسی بیر کو اعلیٰ اقسام میں تبدیل کرنے کے لئے بالائی عمل (TOP WORKING) کریں ۔

فروری ـــــ حیدر آباد میں دوسرے پندرھواڑے میں فصل کی برداشت کریں

مارچ ـــــ فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔

اپریل ـــــ پھل کی برداشت جاری رکھیں ۔ تخمی پودے پیدا کرنے کے لئے دیسی بیر کی گٹھلیاں اکٹھی کریں اور بوئیں ۔

تخمی پودوں کو اعلیٰ اقسام سے پیوند کریں ۔ بیمار خشک اور مردہ شاخوں کی کاٹ چھانٹ کریں ۔

مئی ـــــ تخمی پودے پیدا کرنے کے لئے دیسی بیر کی گٹھلیاں بوئیں دیسی اقسام کا اعلیٰ اقسام سے پیوند کریں ۔

جون ـــــ دیسی بیر کا چھلا نما پیوند کریں ۔

جولائی ـــــ درختوں کو گوبر کی کھاد ڈالیں ۔

اگست ـــــ دیسی بیر کو پیوند کریں ۔ گوبر کی کھاد ڈالیں ۔

ستمبر ـــــ درختوں کو دیسی کھاد ڈالیں ۔ دیسی درختوں کی پیوند کریں

اکتوبر ـــــ پودے پھول دینا شروع کر دیتے ہیں ۔

نومبر ـــــ پودے پھول نکالتے ہیں ۔

دسمبر ـــــ دیسی بیر کو اعلیٰ اقسام میں تبدیل کرنے کے لئے بالائی عمل کریں ۔

Marfat.com

پپیتا

جنوری —— پودوں کو گوبر کی کھاد ڈالیں اور فصل برداشت کریں ۔

فروری —— کیاریوں یا گملوں میں تخمی پودے پیدا کرنے کے لئے بیج بوئیں بیج پھوٹنے تک ہر روز پانی دیں ۔ پچھلے موسم میں چھوٹے پودوں کو باغ میں لگائیں ۔ فصل کی برداشت جاری رکھیں

مارچ —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔ باقاعدہ آبپاشی کریں ۔ مصنوعی کھاد ڈالیں ۔

اپریل —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔ پنیری کو منتقل کریں ۔ باقاعدہ آبپاشی کریں ۔

مئی —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔ ہفتہ وار باقاعدگی سے آبپاشی کریں ۔

جون —— پودوں کو گرمی وغیرہ سے محفوظ رکھیں ۔ فصل کی برداشت جاری رکھیں

جولائی —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔ تخمی پودے پیدا کرنے کے لئے کیاریوں یا گملوں میں بیج بوئیں ۔ چھوٹے پودوں کو منتقل کریں ۔

اگست —— پودوں کو گوبر کی کھاد یا مصنوعی کھاد ڈالیں ۔ فصل کی برداشت جاری رکھیں

ستمبر —— فصل کی برداشت کریں ۔ دیسی یا مصنوعی کھاد ڈالیں

اکتوبر —— فصل کی برداشت جاری رکھیں ۔

نومبر —— چھوٹے پودوں کی کورے سے حفاظت کریں ۔ فصل کی برداشت ختم کردیں

دسمبر —— چھوٹے پودوں کی کورے وغیرہ سے حفاظت کریں ۔

Marfat.com

چیکو

جنوری ـــــ باغ کو جڑی بوٹیوں سے صاف رکھیں اور ہل چلائیں۔
فروری ـــــ دیسی کھاد ڈالیں اور پانی دیں۔
مارچ ـــــ فصل کی برداشت کریں اور تخمی پودوں کو پیوند کریں۔
اپریل ـــــ فصل کی برداشت جاری رکھیں۔ مصنوعی کھاد ڈالیں۔ پیوند لگانے کا کام جاری رکھیں۔ تخمی کھرنی کے بیج حاصل کریں اور انھیں بودیں۔
مئی ـــــ فصل کی برداشت ختم کردیں۔ کھرنی کے بیج لگائیں۔ باقاعدہ پانی دیں۔
جون ـــــ زمین میں ہل چلائیں اور اسے جڑی بوٹیوں سے صاف رکھیں۔
جولائی ـــــ دیسی کھاد یا ولایتی کھاد ڈالیں۔
اگست ـــــ زمین ، جڑی بوٹیوں سے صاف رکھیں اور پانی دیں۔
ستمبر ـــــ " " "
اکتوبر ـــــ باغ میں برسیم یا دوسرے پھلی دار فصلیں کاشت کریں۔
نومبر ـــــ زمین کو جڑی بوٹیوں سے صاف رکھیں اور پانی دیں۔
دسمبر ـــــ " " "

انار

جنوری ـــــ قلمیں تیار کریں اور ان کی کلوسنگ کریں (ریت میں رکھیں) پودوں کی کاٹ چھانٹ کریں اور دیسی کھاد ڈالیں۔
فروری ـــــ قلموں کو نرسری میں لگائیں پودوں کو باغ میں لگائیں۔
مارچ ـــــ " " "
اپریل ـــــ آبپاشی کا خاص خیال رکھیں تاکہ پھٹنے نہ پائے۔

Marfat.com

مئی ——— آبپاشی، گوڈی اور نلائی کا خاص خیال رکھیں

جون ——— "

جولائی ——— پھل کو گلنے سے بچانے کے لئے سپرے کریں۔

اگست ——— پھل توڑیں۔

ستمبر ——— "

اکتوبر ——— "

نومبر ——— پودوں میں سے کچے گلے وغیرہ نکالیں

دسمبر ——— دیسی کھاد ڈالیں۔

سیب اور ناشپاتی

جنوری ——— زیریں علاقوں میں باغ لگانے کے لئے زمین تیار کریں۔ باغ کی داغ بیل ڈالیں اور نئے پودے لگانے کے لئے گڑھے کھودیں۔ درختوں کی کاٹ چھانٹ کریں۔ دیسی کھاد ڈالیں۔ زیر بچے لگائیں۔ پودوں کو باغ میں لگائیں۔ سن جوز سکیل اور کاڈلنگ ماتھ کے خلاف سپرے کریں۔

فروری ——— اونچے پہاڑی علاقوں میں باغ لگانے کے لئے زمین تیار کریں۔ داغ بیل ڈالیں اور نئے پودے لگانے کے لئے گڑھے کھودیں پودوں پر پیوند کریں، اور انھیں باغ میں منتقل کریں۔ پودوں کی کاٹ چھانٹ کریں۔ بٹنگی کے سٹاک کو منتقل کریں۔

مارچ ——— پہاڑی علاقوں میں روٹ سٹاک پر اعلیٰ قسم کا پیوند کریں۔ مصنوعی کھاد ڈالیں۔ کیڑوں اور بیماری کے خلاف درختوں پر سپرے کریں۔ باغ کی گوڈائی و نلائی کریں۔

اپریل ——— باقاعدگی سے آبپاشی کریں۔ باغ کی گوڈائی و نلائی کریں۔ سیب کے پودوں پر چھلا نما پیوند لگائیں مصنوعی کھاد ڈالیں (MILDEW) بیماری

Marfat.com

کے خلاف سپرے کریں۔

مئی —— آبپاشی، گوڈی اور نلائی کا خاص خیال رکھیں۔ کاڈلنگ ماتھ کے خلاف سپرے کریں۔ زیادہ پھل دینے والے درختوں کو چھدرا کریں۔

جون —— نرسری باغ کی آبپاشی اور گوڈی وغیرہ کا خاص خیال رکھیں۔

جولائی —— اگیتی اقسام کی برداشت کریں۔ سٹاک پودوں پر اعلیٰ قسم کا چشمہ چڑھائیں کاڈلنگ ماتھ کے خلاف سپرے کریں۔

اگست —— فصل کی برداشت جاری رکھیں۔ سٹاک پر اعلیٰ قسم کا چشمہ چڑھائیں

ستمبر —— ناشپاتی کی پچھیتی اقسام کی برداشت کریں

اکتوبر —— سیب کی پچھیتی اقسام کی برداشت کریں۔

نومبر —— پودے لگانے کے لئے ٹنگی کا پھل اکٹھا کریں

دسمبر —— ٹنگی کا پھل اکٹھا کریں چھوٹے سیب کے پودوں کو زمین سے دو انچ اوپر سے کاٹیں اور پھر مٹی چڑھائیں۔ تاکہ ایک سال کے بعد زیر بچے حاصل کئے جا سکیں۔

آڑو، آلوچہ، خوبانی، بادام اور چیری

جنوری —— نچلے علاقوں میں باغ لگانے کے لئے زمین تیار کریں۔ داغ بیل لگائیں۔ گڑھے کھودیں۔ اور گوبر کی کھاد ڈالیں۔ پودوں کی کاٹ چھانٹ کریں۔ پودوں کو باغ میں لگائیں۔ روٹ سٹاک کے لئے بیج بوئیں۔

فروری —— پہاڑی علاقوں میں باغ لگانے کے لئے زمین تیار کریں۔ داغ بیل ڈالیں اور نئے پودے لگانے کے لئے گڑھے کھودیں۔ روٹ سٹاک پر اعلیٰ قسم کا پیوند کریں پودوں کی کاٹ چھانٹ کریں سٹریٹیفائیڈ کئے ہوئے بیجوں کو نرسری میں لگائیں۔

مارچ —— پہاڑی علاقوں میں پودے لگائیں۔ روٹ سٹاک پر اعلیٰ قسم کا پیوند

Marfat.com

پیوند کریں۔ سرٹیفائیڈ کیئے ہوئے بیج کو نرسری میں لگائیں۔

اپریل ——— روٹ سٹاک پر چھلا نما پیوند کریں۔ زیادہ پھل دینے والے درختوں کو چھدرا کریں۔ آب پاشی و گوڈی کریں۔

مئی ——— آبپاشی، گوڈی اور نلائی کا خاص خیال رکھیں۔ روٹ سٹاک پر چشمہ چڑھائیں۔ پھل کی مکھیوں کے خلاف سپرے کریں۔ الوچہ، خوبانی اور چیری کی اگیتی اقسام کی برداشت کریں۔

جون ——— خوبانی، آلوچہ کے پھل کی برداشت جاری رہے، آڑو کی اگیتی اقسام کی برداشت کریں۔ کوئٹہ ریجن میں چشمہ چڑھانے کا عمل شروع کریں۔ چیری کا پھل توڑنا ختم کردیں۔ آبپاشی کا خیال رکھیں۔

جولائی ——— آڑو، آلوچہ کے پھل کی برداشت، روٹ سٹاک پر چشمہ چڑھانے کا کام جاری رکھیں۔

اگست ——— آڑو، آلوچہ اور بادام کی پچھیتی اقسام کی برداشت کریں۔ روٹ سٹاک پر چشمہ چڑھانے کا عمل جاری رکھیں۔

ستمبر ——— آلوچہ کی پچھیتی اقسام کی برداشت کریں۔

اکتوبر ——— برسیم اور دوسری پھلی دار سبز کھاد کے لئے کاشت کریں۔

نومبر ——— روٹ سٹاکس کے بیجوں کو سٹر یفیکیشن کرنا۔

دسمبر ——— پودوں کو گوبر کی کھاد ڈالیں اور کاٹ چھانٹ شروع کردیں۔

انگور

جنوری ——— قلموں کو تیار کریں اور ان کو کیلوسنگ کریں۔ پودوں میں کھاد ڈالیں میدانی علاقوں میں آخر ماہ میں بیلوں کی کاٹ چھانٹ کریں۔

فروری ——— بیلوں کی کاٹ چھانٹ کریں قلموں کو نرسری میں لگائیں، پودوں کو باغ میں منتقل کریں،

Marfat.com

مارچ ——— نرسری میں قلمیں لگائیں۔ پودوں کو باغ میں لگائیں۔ کاٹ چھانٹ جاری رکھیں۔ مصنوعی کھاد ڈالیں۔ کیڑوں اور بیماریوں کے خلاف سپرے کریں۔

اپریل ——— زمین جڑی بوٹیوں سے پاک رہے باقاعدہ پانی دیتے رہیں۔

مئی ——— آبپاشی گوڈی اور نلائی کا خاص خیال رکھیں زیادہ پھل دینے والی شاخوں کو چھدرا کریں۔ حیدرآباد ریجن میں پودوں کو مصنوعی کھاد ڈالیں،

جون ——— اگیتی اقسام کی برداشت کریں۔ آبپاشی، گوڈی اور نلائی کا خاص خیال رکھیں۔

جولائی ——— پھل کی برداشت کریں۔

اگست ——— پھل توڑتے وقت جراثیم اور بیماریوں کے خلاف سپرے کریں،

ستمبر ——— پچھیتی اقسام کا پھل توڑیں۔

اکتوبر ——— " " "

نومبر ——— زمین میں ہل وغیرہ چلائیں اور اس کو جڑی بوٹیوں سے صاف رکھیں۔

دسمبر ——— دیسی کھاد ڈالیں۔



Marfat.com



Marfat.com

پاکستان سے پھلوں کی برآمد کے امکانات

۱۹۵۸ء تک پاکستان صرف ہندوستان اور افغانستان کو پھل برآمد کرتا رہا ہے۔ ۱۹۵۹ء اور ۱۹۶۰ء میں ان ممالک کے علاوہ چند دوسرے ممالک مثلاً سیلون، ہانگ کانگ، بحرین، سنگاپور، برطانیہ وغیرہ کو بھی کچھ پھل برآمد کیا گیا جس سے اس حقیقت کا انکشاف ہوا کہ پاکستان سے پھل برآمد کرنے کے بڑے قومی امکانات ہیں اور ایسے اور ممالک بھی پھل درآمد کر سکتے جو پاکستان سے ملحقہ ہیں یا جن میں دوسرے ممالک سے پھل مہنگا بکتا ہے یا ایسے ممالک جن میں پاکستان سال کے اس دوران میں پھل مہیا کر سکتا ہے جبکہ دوسرے ممالک میں پھل ختم ہو چکا ہوتا ہے۔

پاکستان میں مختلف اقسام کے بہت سے تازہ پھل پیدا ہوتے ہیں جن کی پیداوار کا اندازہ کوآپریشن اینڈ مارکیٹنگ ایڈوائزر کی رپورٹ کے مطابق ۶۱-۱۹۶۰ء میں ۵۶,۰۰۰ ٹن ہے، مشرقی پاکستان میں زیادہ تر کیلا۔ آم۔ انناس۔ لیچی۔ لیموں۔ جیک فروٹ۔ سنگترہ۔ پپیتا۔ بلیک بیری تربوز اور خربوزہ پیدا ہوتے ہیں۔ مغربی پاکستان کی خاص پیداوار آم، سنگترہ، مالٹا، ناشپاتی لیموں، لیمن، سیب، خوبانی اور انگور ہیں۔

پاکستان میں خاص قسم کے پھلوں کی پیداوار اور قابل برآمد فالتو پھل کا اندازہ مندرجہ ذیل گوشوارہ سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔

نام پھل	پیداوار کا اندازہ	قابلِ برآمد فالتو پھل	کیفیت
کیلا	۲۰,۰۵۰,۰۰۰	ملکی ضروریات پوری کرنے کے بعد تقریباً چالیس پچاس ہزار من کیلا دوسرے ممالک میں برآمد کے لئے موجود ہے۔	کیلے کی بڑی پیداوار مشرقی پاکستان میں ہوتی ہے جو ۲۰,۰۰۰,۰۰۰ من ہے، سب سے بہترین قسم امرت ساگر ہے۔

Marfat.com

نام پھل	پیداوار کا اندازہ	قابلِ برآمد فالتو پھل	کیفیت
آم	۲۶،۴۰،۰۰۰	۵،۰۰،۰۰۰	آم پیداوار کے لحاظ سے پھلوں میں دوسرے نمبر پر ہے ۔ مختلف اقسام جو پاکستان میں پیدا ہوتی ہیں دیسی اور پیوندی اقسام ہیں ۔ دیسی آم کی پیداوار پیوندی اقسام کے مقابلے میں زیادہ ہے ۔
ترشاوہ پھل			
مالٹا مسمبی اور دوسری اقسام	۵،۰۰،۰۰۰	۴،۰۰،۰۰۰	مالٹا مسمبی اور دوسری اقسام کی پیداوار قریباً مغربی پاکستان تک ہی محدود ہے ۔
سنگترہ	۱،۰۰،۰۰۰	۱،۰۰،۰۰۰	زیادہ تر مشرقی پاکستان میں ہوتا ہے ۔
لیموں	۵۵،۰۰۰	کافی مقدار	یہ ملک کے دونوں حصوں میں ہوتا ہے ۔
ناشپاتی	۸۰،۰۰۰	۶۰،۰۰۰	ناشپاتی صرف مغربی پاکستان میں ہوتی ہے ۔
انناس	۲۲۵،۰۰۰	۳،۰۰۰	یہ صرف مشرقی پاکستان میں ہوتا ہے ۔
سیب	۱۰۰،۰۰۰	۵،۰۰۰	مغربی پاکستان میں سیب زیادہ ہوتا ہے ۔
انار	۳۰،۰۰۰	۳۰،۰۰۰	یہ صرف مغربی پاکستان میں ہوتا ہے ۔
لیچی	۲۶۳،۰۰۰	—	اس کی پیداوار صرف مشرقی پاکستان میں ہوتی ہے ۔
انگور	۱۵۰،۰۰۰	۸،۰۰۰	عام طور پر مغربی پاکستان میں زیادہ ہوتا ہے ۔
گریپ فروٹ	۱۵۰،۰۰۰	۵،۰۰۰	مشرقی پاکستان میں گریپ فروٹ زیادہ ہوتا ہے ۔

حوالہ :- کوآپریشن اینڈ مارکیٹنگ ایڈوائزر گورنمنٹ آف پاکستان ۔

Marfat.com

پاکستان سے تازہ پھل کی برآمد

۱۹۶۰-۵۵ء تک پاکستان سے مختلف ملکوں میں تازہ پھل کی برآمد

ملک	۱۹۵۵ء	۱۹۵۶ء	۱۹۵۷ء	۱۹۵۸ء	۱۹۵۹ء	۱۹۶۰ء
بھارت	۴۶۱۹ر۲	۴۸۵۸ر۲	۲۴۰۳ر۰	۴۹۰ر۰	۴ر۵	۱۸۴۰ر۷
افغانستان	۱۴۰ر۰	۱۸۳ر۲	۱۵۹ر۷	۱۵۴ر۷	۱۴۷ر۰	۲۳۱ر۷
لنکا	—	—	—	—	۲ر۷	۱ر۰
گوا	—	۶ر۰	—	۱ر۲	۲۰ر۴	۲۰ر۸
ہانگ کانگ	—	—	—	—	۳ر۲	۳ر۰
ترکی	۰ر۲	—	—	—	—	—
عمان	—	—	—	—	۰ر۳	—
بحرین	۱ر۷	۳ر۰	۳ر۰	—	۴۷ر۸	۷۱ر۴
برٹش ایسٹ افریقہ	—	—	—	—	۶ر۷	—
برطانیہ	۰ر۲	۰ر۳	—	—	—	۴ر۵
سنگاپور اور ملایا	—	—	—	—	۲۷ر۰	۱ر۸
جنوبی افریقہ	—	—	—	—	۲۱ر۳	—
مسقط	—	—	—	—	۱۷ر۳	۱۶ر۳
کویت	—	—	—	—	—	۲ر۲
خلیج فارس	—	—	—	—	—	۰ر۹
ایران	—	—	—	—	—	۰ر۱
جرمنی	—	—	—	—	—	۶ر۵
پرتگال	—	—	—	—	—	۱ر۰
عدن	—	—	—	—	—	۱ر۰

Marfat.com

سعودی عرب	–	–	–	–	–	–	٣ر۴
برما	–	–	–	–	–	–	١ر٠
میزان	۴٧ر٦١ر٣	٥٠۴٩ر٧	٢٥٦٥ر٧	٦۴٥ر٩	٢٩٨ر٢	٢٢٠٧ر٧	

جیسا کہ ان اعداد و شمار سے ظاہر ہے ١٩٥٨ء تک پاکستان کی پھلوں کی تجارت صرف بھارت اور افغانستان کے ساتھ رہی ہے۔ ١٩٥٩ء اور ١٩٦٠ء میں دوسرے ممالک کے ساتھ بھی رہی۔ سرد خانوں اور جہازرانی کی سہولتیں مہیا نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان کے پھلوں کے لئے بیرونی منڈیاں نہیں بن سکیں۔ تاہم حکومتِ پاکستان نے اس تجارت کے فروغ کے لیے ہر ممکن سہولتیں مہیا کرنے کے لئے ضروری اقدامات کئے ہیں۔

برطانیہ

اگرچہ برطانیہ میں گریپ فروٹ کی مانگ تمام سال رہتی ہے لیکن اگر پاکستان سے گریپ فروٹ بذریعہ جہاز ستمبر کے آخر یا اکتوبر کے شروع میں برطانیہ پہنچ جائے تو پاکستانی تاجروں کو مناسب قیمت مل سکتی ہے۔

پیکنگ

برطانیہ کے لئے گریپ فروٹ کی پیکنگ بہت اہمیت رکھتی ہے۔ بکس مناسب سائز کے ہوں اور زیادہ بھاری اور بڑے نہ ہوں۔ پھل کو باریک کاغذ میں علیحدہ علیحدہ لپیٹنا چاہیے اور بکس کے اندر چاروں طرف اخباری کاغذ نہیں رکھنا چاہیئے اس سے نہ تو ہوا کا گزر ہوتا ہے اور نہ ہی خریدار کریٹ کو بغیر کھولے دیکھ سکتا ہے۔

ہانگ کانگ

ہانگ کانگ میں سنگترہ، مالٹا، سیب، انگور، ناشپاتی اور لیمن کی بہت مانگ ہے۔

ہانگ کانگ میں ان پھلوں کی قیمتیں مندرجہ ذیل ہیں۔

سنگترہ - ٨ آنے ١١ پائی فی پونڈ

سیب - ٩ آنے ٦ پائی فی پونڈ

Marfat.com

انگور - ۱۲ آنے سے ایک روپے ایک آنہ ۹ پائی فی پونڈ

سنگترہ، مالٹے اور انگور کو عام طور پر مندرجہ ذیل طریقے سے پیک کیا جاتا ہے۔

سنگترہ، مالٹے :- پھلوں کو باریک کاغذ میں لپیٹ کر گتے کے ڈبوں میں بند کر دیتے ہیں ایک ڈبے میں ۱۲۵ سے ۱۵۰ سنگترے آتے ہیں اور وزن تقریباً ۴۰ پونڈ ہوتا ہے۔

سیب :- ان کو بھی باریک کاغذ میں لپیٹ کر لکڑی کے ڈبوں میں پیک کرتے ہیں - ایک ڈبے میں ۱۰۰ سے ۱۴۰ سیب آتے ہیں اور ڈبے کا وزن ۴۰ سے ۴۲ پونڈ ہوتا ہے۔

انگور :- لکڑی کے ڈبوں میں برادہ کے ساتھ پیک کرتے ہیں اور ایک ڈبے کا وزن تقریباً ۳۲ پونڈ ہوتا ہے۔

پاکستانی تاجروں کو ہانگ کانگ پھل بھیجنے کے لئے کافی احتیاط کرنی چاہیئے - تازہ پھل کو پیک کرنے سے پیشتر اس پر سپرے کریں تاکہ منزل مقصود تک پہنچنے تک اس پر کسی بیماری وغیرہ کا حملہ نہ ہو۔ جہاز پر لادنے سے پہلے بندرگاہ پر پھلوں کو سرد خانوں میں رکھا جائے اور جہاز میں مختلف پھلوں کو ان کی برداشت کے مطابق مختلف درجہ حرارت کے خانوں میں رکھا جائے۔

ملایا

ملایا تازہ اور خشک پھل مثلاً سنگترہ، مالٹے، کیلا، سیب، انگور، ناشپاتی، انناس، اخروٹ بادام، کشمش، انجیر، خوبانی اور پستہ، چین، آسٹریلیا، امریکہ، عراق، بھارت، ہانگ کانگ اور پیرس سے درآمد کرتا ہے - ملایا کے تاجروں نے پاکستان سے ترشادہ پھل درآمد کرنے کے لئے بڑی دلچسپی کا اظہار کیا ہے۔

سنگترہ، مالٹے اور سیب کو ملایا کافی مقدار میں درآمد کرتا ہے - پاکستان کی تجارت ملایا سے بہت کم رہی ہے اور اس خطہ میں پاکستان کی زیادہ تجارت سنگاپور کے راستے سے ہوتی ہے ملایا کی دو بندرگاہیں (PENANG) اور (SWEATTENHEM) ہیں - ملایا کو پھل برآمد کرنے کے لئے پیکنگ کرنے میں خاص توجہ کی ضرورت ہے۔

سنگاپور

سنگاپور میں تازہ خشک ڈبوں میں بند اور منجمد پھل کی بہت کھپت ہے، سنگاپور پاکستان

سے پھل درآمد نہیں کرتا۔ سنگاپور میں سنگترہ، مالٹا، لیموں، لیمن، سیب، انگور، ناشپاتی، خربوزہ اخروٹ وغیرہ، خربوزہ تربوز کے بیج، خشک پھل مثلاً کشمش، بادام، سوکھی خوبانی اور آڑو اور دوسری قسم کے ڈبوں میں منجمد پھل مختلف ممالک مثلاً چین، امریکہ، جنوبی افریقہ، آسٹریلیا، قبرص نیوزی لینڈ، بھارت، ہانگ کانگ سے درآمد کرتا ہے۔

سنگاپور میں زیادہ درآمد منجمد شدہ لیچی کی ہے مشرقی پاکستان سے اس کی درآمد بڑی آسانی سے اچھے داموں ہو سکتی ہے۔ جامن کا رس ہے جو کہ سکویش بنانے میں استعمال ہوتا ہے۔ مشرقی پاکستان سے بآسانی برآمد کیا جا سکتا ہے اسے چینی لوگ بہت پسند کرتے ہیں۔

لنکا

لنکا میں صرف آم، اناس، پپیتا اور مالٹا کی مسمبی سے ملتی جلتی اقسام ہی پیدا ہوتی ہیں دوسرے پھل انہیں درآمد کرنے پڑتے ہیں۔ زیادہ تر ان کی پھلوں کی تجارت آسٹریلیا کے ساتھ ہے۔ پھل جو عام طور پر درآمد کئے جاتے ہیں سنگترہ، مالٹا، سیب اور انگور ہیں۔

پاکستانی پھل کی نسبت آسٹریلیا کا پھل جو لنکا میں درآمد ہوتا ہے گھٹیا درجے کا ہوتا ہے پاکستان کی پھلوں کی تجارت لنکا کے ساتھ کافی منافع بخش اور مستقل طور پر ہو سکتی ہے۔

آسٹریلیا کے پھل کی قیمت بھی لنکا میں کافی ہے۔ اس کے مقابلے میں پاکستان کم قیمت پر سیلون کو پھل برآمد کر سکتا ہے۔

پاکستان لنکا میں تجارت کے لئے آسٹریلیا اور نیوزی لینڈ کا بخوبی مقابلہ کر سکتا ہے کیونکہ جو پھل پاکستان میں اپریل سے ستمبر تک پیدا ہوتے ہیں وہ آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ میں اکتوبر سے مارچ تک کے مہینوں میں ہوتے ہیں۔

نیوزی لینڈ

نیوزی لینڈ میں سیب، ناشپاتی، آلو بخارا، چیریز، آڑو، خوبانی، سنگترہ مالٹا، گریپ فروٹ اور لیمن کافی پیدا ہوتے ہیں، سیب، ناشپاتی اور آڑو تو بہت ہی مقدار میں پیدا ہوتے ہیں اور دوسرے ممالک کو بھی برآمد ہوتے ہیں۔ دوسرے تازہ پھل مثلاً کیلا، سنگترہ مالٹا، گریپ فروٹ لیمن، اناس، انگور اور ترشاوہ خاندان کی دوسری اقسام مختلف ممالک مثلاً آسٹریلیا، جنوبی افریقہ

Marfat.com

جاپان اور امریکہ سے درآمد کرتا ہے۔ مگر ان کا موسم پاکستان میں پھلوں کے موسم شروع ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جاتا ہے لہذا پاکستان بھی نیوزی لینڈ کو آسانی پھل درآمد کر سکتا ہے۔

سعودی عرب

کھجور، انگور اور انار کے علاوہ سعودی عرب میں دوسرے پھل پیدا نہیں ہوتے اور وہ دوسرے ممالک سے درآمد کرنے پڑتے ہیں۔ سعودی عرب میں پھل عام طور پر یوتھوپیا، مصر، لبنان اٹلی، شام اور جنوب مغربی افریقہ سے درآمد کیا جاتا ہے۔

سعودی حکومت کی طرف سے پھلوں کی درآمد پر کوئی پابندی نہیں ہے۔ سعودی عرب کے لوگ تازہ پھل بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔ عام طور پر جو پھل سعودی عرب درآمد کرتا ہے۔ کیلا، سنگترہ، مالٹا، سیب، ناشپاتی، خربوزہ، تربوز، انگور، آلو بخارا، آڑو، خوبانی اور آم ہیں چونکہ عرب میں پھل بہت کم دستیاب ہو سکتے ہیں اور پاکستان کے پھل بڑی مقدار میں برآمد بھی کئے جا سکتے ہیں اس لئے پاکستانی تاجروں کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے داموں کو مقابلے میں لائیں۔

لبنان

لبنان میں سیب، ناشپاتی، انگور، آلو بخارا، چیری، آڑو، خوبانی، سنگترہ، مالٹا، لیموں انجیر اور کیلا کافی مقدار میں پیدا ہوتے ہیں اور دوسرے ممالک کو برآمد کئے جاتے ہیں۔

لبنان صرف انگور اور کشمش عراق اور شام سے درآمد کرتا ہے۔ لبنان میں کسٹم ڈیوٹی کے علاوہ درآمد پر کسی قسم کی پابندی نہیں۔

عراق

عراق کیلا، لیموں، انجیر، انگور، سیب، خوبانی اور سنگترہ مالٹا درآمد کرتا ہے عراق میں عام طور پر پھل لبنان سے درآمد کیا جاتا ہے۔ عراق کے تاجروں کا خیال ہے کہ لبنان کے سوا کوئی اور ملک سیب، انگور جیسے پھل فاصلہ زیادہ ہونے کی وجہ سے برآمد نہیں کر سکتا۔

ایران

ایران میں کیلے کے علاوہ باقی تقریباً تمام پھل پیدا ہوتے ہیں تاہم آمد و رفت کے ذرائع

Marfat.com

کا محدود ہونا اور سرد خانوں اور دوسری ایسی ہی سہولتوں کے نہ ہونے کی وجہ سے ملکی پیداوار ضرورت کو پورا نہیں کرتی۔ اس وجہ سے سنگترہ، مالٹا اور سیب اور کیلا درآمد کرنے کی ضرورت پڑتی ہے۔

ایران لبنان سے سیب، کیلا، سنگترہ اور مالٹا درآمد کرتا ہے۔ موجودہ درآمدی قانون کی رو سے آم، خوبانی، انگور، چیری، آلو بخارا اور انجیر کی درآمد ایران میں ممنوع ہے تاہم سیب، کیلا، اناناس اور سنگترہ مالٹا درآمد کرنے کی اجازت ہے۔

تازہ پھل کی ایران میں درآمد کی اجازت ہے۔ بشرطیکہ اس پر یہ سرٹیفکیٹ چسپاں ہو کہ پھل بیماری وغیرہ سے محفوظ ہے۔

ایران کے تاجر پاکستان سے پھل ان شرائط پر درآمد کرنا پسند کرتے ہیں جن شرائط پر وہ لبنان سے پھل درآمد کرتے ہیں "تاجر سے ادائیگی کی بنیاد پر کاروبار کرتے ہیں۔

پاکستان کے تازہ پھلوں کے لئے ایران بہترین منڈی ہے۔ پچھلے تین سالوں سے ایران میں تازہ پھلوں کی کافی مانگ ہو گئی ہے۔ پاکستان سے ایران کو پھل برآمد کرنے میں کافی مشکلات ہیں۔ پاکستان سے ایران براستہ زاہدان بذریعہ ریل یا ہوائی جہاز پھل کو برآمد کرنے کے لیے مشق کی ضرورت ہے۔ شاید موسمی پھلوں مثلاً سنگترہ مالٹا وغیرہ کو موٹر ٹرک کے ذریعے تہران پہنچانے میں یہ تجارت فائدہ مند ثابت ہو۔ پاکستانی تاجروں کو زاہدان تک ریلوے کی آسانی دینی چاہیئے۔

بحرین

بحرین بھی دوسرے ممالک سے مختلف قسم کے پھل درآمد کرتا ہے۔

یمن

یمن سبزیاں اور پھل مثلاً آلو، گوبھی، انگور اور خوبانی وغیرہ عدن کو برآمد کرتا ہے۔ اس ملک میں ہر قسم کے پھل اور سبزیاں پیدا ہوتے ہیں صرف آسٹریلیا سے براستہ عدن سیب درآمد کیا جاتا ہے۔

کویت

کویت میں تمام تر پھل دوسرے ممالک سے درآمد کئے جاتے ہیں۔

Marfat.com

مسقط

پھل مثلاً آم، امرود، انگور، بادام، انار، تربوزہ وغیرہ یہاں پر تھوڑی مقدار میں پیدا ہوتے ہیں۔ یہ ملک آم بھارت سے اور انگور اور سیب آسٹریلیا سے درآمد کرتا ہے۔

Marfat.com

مغربی پاکستان میں سرکاری پھلدار نرسریاں

نام ضلع	جگہ	رقبہ	پھلدار پودے جو دستیاب ہو سکتے ہیں
پشاور	ترناب فارم پشاور	۱۰ ایکڑ	ترشاوہ پھل، آڑو، آلوچہ، ناشپاتی خوبانی اور سیب
مردان	فروٹ نرسری صوابی	۱/۲ ایکڑ	ایضاً
ہزارہ	تجرباتی فارم ہری پور	۶ ″	ترشاوہ پھل خوبانی اور کیلا
ہزارہ	گورنمنٹ فروٹ نرسری، میرپور	۵ ″	آلوچہ اور اخروٹ
ہزارہ	گورنمنٹ فروٹ نرسری پارس کاغان	۲٫۵ ″	سیب، ناشپاتی، بادام اور اخروٹ
کوہاٹ	گورنمنٹ فروٹ نرسری کوہاٹ	۲٫۵ ″	امرود اور پپیتا
بنوں	گورنمنٹ کیلا فارم ۔ بنوں	۶٫۵ ″	کیلا
بنوں	تجرباتی فارم، سیرابا نورنگ	۴ ″	ترشاوہ پھل، امرود اور انجیر
ڈیرہ اسماعیل خاں	فروٹ فارم رتا کلاچی	۷ ″	آم ۔ کھجور
ڈیرہ اسماعیل خاں	نولے باغ ۔ ڈیرہ اسماعیل خاں	۸ ″	ترشاوہ پھل و کھجور
مالاکنڈ ایجنسی	فروٹ نرسری فارم درگئی	۴ ″	ترشاوہ پھل، امرود، کیلا اور لیچی
مالاکنڈ ایجنسی	نرسری فارم ۔ زنگ مالا	۱٫۵ ″	ناشپاتی، خوبانی، آلوچہ، آڑو
کرم ایجنسی	تجرباتی فارم ۔ پارہ چنار	۱۰ ″	سیب، آڑو، آلوچہ، خوبانی جاپانی پھل اور اخروٹ
کرم ایجنسی	رابرٹ باغ ۔ پارہ چنار	۱۰ ″	سیب

Marfat.com

کرم ایجنسی	فروٹ نرسری ۔ علی زئی	۲ ایکڑ	سیب اور ترشاوہ پھل
شمالی وزیرستان	نرسری فارم ۔ میران شاہ		پرون (آلوچہ) اور انار
جنوبی وزیرستان	نرسری فارم ۔ وانا		سیب، چیری اور آڑو
راولپنڈی	ہارٹیکلچرل نرسری ۔ پیل	۹ر۹ "	سیب، ناشپاتی، خوبانی، آڑو
راولپنڈی	ہارٹیکلچرل نرسری ۔ ڈھلا	۶ر۰ "	آلوچہ، اخروٹ اور چیری
راولپنڈی	ہارٹیکلچرل نرسری ۔ بان	۷ر۰ "	ایضاً
راولپنڈی	ہارٹیکلچرل نرسری ۔ سالمی	۳ر۹ "	ایضاً
راولپنڈی	ہارٹیکلچرل نرسری ۔ چھراپانی	۹ر۹ "	سیب، ناشپاتی، خوبانی، آڑو اور اخروٹ ۔
راولپنڈی	مری کی پہاڑیوں پر واقع ۶ نرسریاں	۶ر۲۶ ایکڑ	سیب، ناشپاتی، خوبانی، آڑو، آلوچہ اور اخروٹ
گجرات	سیڈ فارم ۔ چیلیاں والا	۱ر۱۰ "	ترشاوہ پھل، آم، امرود اور جامن

حیدرآباد ریجن

قلات	فروٹ نرسری ۔ مستونگ	۸ "	سیب، خوبانی، آلوچہ، ناشپاتی، انگور، بادام، پستہ اور آڑو ۔
قلات	فروٹ نرسری ۔ سراب	۲ "	ایضاً
قلات	فروٹ نرسری ۔ باغبانہ	۵ "	سیب، خوبانی، بادام، آلوچہ، آڑو
مکران	فروٹ نرسری ۔ پنجگور	۳ "	انار، انگور، آڑو، آلوچہ، ناشپاتی اور ترشاوہ پھل ۔
خاران	فروٹ نرسری ۔ تاگپ	۵ "	انار اور ترشاوہ پھل
خاران	کھجور فارم تربت	۱۰۰ر۰ "	کھجور
کوئٹہ	نرسری گل شیخاں	۳ "	سیب، ناشپاتی، خوبانی، آڑو، آلوچہ اور بادام

Marfat.com

ژہوب	نرسری قلعہ سیف اللہ	۱۰ ایکڑ	سیب، ناشپاتی، خوبانی، آڑو آلوچہ اور بادام۔
ژہوب	نرسری فورٹ سنڈیمان	۱ "	ایضاً
لورالائی	نرسری لورالائی	۶ "	ایضاً
کوئٹہ	تجرباتی فروٹ فارم۔ کوئٹہ	۴ "	سیب، آڑو، آلوچہ، خوبانی، ناشپاتی، انگور، چیری، بادام پستہ اور سردا۔
تھرپارکر	تجرباتی فروٹ فارم۔ میرپور خاص	۱۰ "	آم، کیلا، چیکو، انگور، جیک پھل پپیتا، امرود اور کھجور۔

لاہور ریجن

لائل پور	گورنمنٹ نرسری۔ رسالے والا	۵ "	ترشاوہ پھل، آم، کھجور، کیلا، امرود
لائل پور	زرعی یونیورسٹی۔ لائل پور	۵ر۱۱ "	ترشاوہ پھل، کیلا، آم، انگور۔
لائل پور	گورنمنٹ سیڈ فارم، رسالے والا	۰ر۹ "	ترشاوہ پھل۔
سرگودھا	گورنمنٹ زرعی فارم، سرگودھا	۰ر۲ "	ترشاوہ پھل و آم
جھنگ	گورنمنٹ زرعی فارم۔ جھنگ	۵ر۰ "	ترشاوہ پھل و کھجور۔
میانوالی	گورنمنٹ زرعی فارم پپلاں	۵ر۰ ایکڑ	ترشاوہ پھل و آم
ملتان	گورنمنٹ زرعی فارم ملتان	۵ر۵ "	ایضاً
ملتان	سیڈ فارم۔ وہاڑی	۵ر۵ "	ترشاوہ پھل
منٹگمری	گورنمنٹ زرعی فارم، منٹگمری	۵ر۶ "	آم و ترشاوہ پھل
منٹگمری	سیڈ فارم۔ شیر گڑھ	۲ر۱ "	آم
ڈیرہ غازیخاں	گورنمنٹ زرعی فارم ڈیرہ غازیخاں	۵ر۰ "	ترشاوہ پھل
ڈیرہ غازی خاں	گورنمنٹ زرعی فارم۔ جام پور	۵۰ر۶ "	ترشاوہ پھل و آم

Marfat.com

ڈیرہ غازی خاں	گورنمنٹ زرعی فارم ۔ راجن پور	۵ر۵ ایکڑ	ترشاوہ پھل
شیخوپورہ	گورنمنٹ زرعی فارم ۔ شیخوپورہ	۵ر۵ ،،	ترشاوہ پھل
گوجرانوالہ	گورنمنٹ زرعی فارم ۔ گوجرانوالہ	۳ر۰ ،،	ترشاوہ پھل
لاہور	باغ جناح ۔ لاہور	۵ر۲ ،،	ترشاوہ پھل ۔ آم ۔ لیچی
بہاول پور	شرب نرسری ۔ بہاول پور	۳۰ر۰ ،،	آم ، ترشاوہ پھل و کھجور
بہاول پور	نور محل نرسری ۔ بہاول پور	۳ر۰ ،،	آم ، ترشاوہ پھل و کھجور
بہاول پور	فروٹ نرسری ۔ بہاول پور	۶ر۰ ،،	آم ، ترشاوہ پھل و کھجور
بہاول نگر	گورنمنٹ نرسری ۔ ہارون آباد	۲ر۰ ،،	آم و ترشاوہ پھل
رحیم یار خاں	گورنمنٹ نرسری ۔ رحیم یار خان	۱ر۰ ،،	آم و ترشاوہ پھل
رحیم یار خاں	گورنمنٹ نرسری ۔ خان پور	۳ر۰ ،،	آم و ترشاوہ پھل

ویسٹ پاکستان کوآپریٹو فروٹ ڈویلپمنٹ بورڈ کی نرسریاں

لائل پور	چک لائل پور خاص	ترشاوہ پھل، آم، امرود، فالسہ، کیلا
،،	چک نمبر ۲۶۸ ر۔ب	ترشاوہ پھل و آم
،،	چک نمبر ۴۶۳ ج۔ب (سمندری)	ترشاوہ پھل، امرود، کیلا
،،	چک نمبر ۳۵۴ ج۔ب (گوجرہ)	ترشاوہ پھل، امرود
،،	چک نمبر ۲۰۷ ر۔ب (لائل پور)	ترشاوہ پھل
،،	چک نمبر ۳۳۶ ج۔ب (چراغ آباد)	ترشاوہ پھل
،،	چک نمبر ۱۲۲ گ۔ب (جڑانوالہ)	ترشاوہ پھل
	چک نمبر ۲۰ ج ب (نزد برج)	ترشاوہ پھل
ملتان	چک نمبر ۴۵/۱۵ (نزد اقبال نگر)	ترشاوہ پھل و آم
،،	چک نمبر ۵ ۱۷/۴۴ (نزد اقبال نگر)	ترشاوہ پھل و آم
	چک نمبر ۱۲۷/۱۵۷ میاں چنوں	ترشاوہ پھل و کیلا
لاہور	شاہدرہ ٹاؤن	ترشاوہ پھل، آم و لیچی ۔

Marfat.com

باغبانی کے متعلق کتابیں اور رسالے

کتابیں

۱- فنڈامینٹل آف فروٹ پروڈکشن - مصنف، گارڈنر، بیریڈ فورڈ اور ہوکر
'FUNDAMENTALS OF FRUIT PRODUCTION' BY GARDNER V., F. BRADFORD AND M. HOOKER

۲- ماڈرن فروٹ پروڈکشن - مصنّف، گاورلے اور ہاویٹ
'MODERN FRUIT PRODUCTION' BY GOWERLEY AND HOWLET

۳- فروٹ گروایِنگ - مصنّف، چانڈلر
'FRUIT GROWING' BY CHANLER

۴- ایور گرین آرچرڈز - مصنّف، چانڈلر
'EVER GREEN ORCHARDS' BY CHANDLER

۵- ڈِسڈواس آرچرڈز - مصنّف، چانڈلر
'DECIDUOUS ORCHARDS' BY CHANDLER

۶- فروٹ گروانگ اِن انڈیا، مصنّف، ڈبلیو۔ بی ہیز۔
'FRUIT GROWING IN INDIA' BY W. B. HAYES

۷- مینوایل آف ٹراپیکل اینڈ سب ٹراپیکل فروٹس - مصنّف، پاپینو۔
'MANUALS OF TROPICAL & SUB TROPICAL FRUITS' BY POPENOE

۸- پراپیگیشن آف پلانٹس - مصنّف، کینز اور میکوئیسٹن۔
'PROPAGATION OF PLANTS' BY KANIS & McQUESTEN

رسالے

(پاکستان) ۱- ولیسٹ پاکستان جرنل آف ایگریکلچرل ریسرچ (بیورو آف ایگریکلچرل انفارمیشن مغربی پاکستان) لاہور

۲- پاکستان سائنس (پاکستان ایسوسی ایشن فار ایڈوانس منٹ آف سائنس، لاہور)

۳- پاکستان ایگریکلچر (پاکستان فوڈ اینڈ ایگریکلچرل کونسل، کراچی)

Marfat.com

۴ - پنجاب فروٹ جرنل (ویسٹ پاکستان فروٹ ڈیولپمنٹ بورڈ - لائل پور)

پنجاب فروٹ جرنل کے خاص نمبر

۱ - پھلوں اور سبزیات کے محفوظ کرنے کے متعلق خاص نمبر

۲ - آم نمبر -

۳ - کیلا نمبر -

۴ - کھجور نمبر -

"زراعت نامہ" کے خاص نمبر

۱ - آم نمبر

۲ - پھل سبزیاں اور شہد نمبر

ہندوستان

۱ - انڈین جرنل آف ہارٹیکلچر

۲ - انڈین ہارٹیکلچر

انگلستان

۱ - جرنل آف پامولوجی اینڈ ہارٹیکلچر -

۲ - جرنل آف رائل ہارٹیکلچرل سوسائٹی -

امریکہ

۱ - جرنل آف ہارٹیکلچرل سائنس -

۲ - پروسیڈنگ آف امریکن سوسائٹی آف ہارٹیکلچر -

۳ - کیلیفورنیا سٹروگراف -

۴ - ہل گارڈیا -

آسٹریلیا

ہارٹیکلچر -

Marfat.com

نیوزی لینڈ

آرچرڈسٹ

خاص کتابچے۔ (شائع کردہ ویسٹ پاکستان فروٹ ڈیولپمنٹ بورڈ، لائل پور)

۱۔ امرود ۔ مصنّف، ڈاکٹر سعید احمد فروٹ سپشلسٹ لائل پور۔

۲۔ آم " " " " " "

۳۔ لیچی " " " " " "

۴۔ سٹرابیری " " " " " "

۵۔ بیر " " " " " "

باغبانی کا کیلنڈر (شائع کردہ بیورو آف ایگریکلچرل انفارمیشن، مغربی پاکستان) لاہور۔

اس کے علاوہ بیورو آف ایگریکلچرل انفارمیشن مغربی پاکستان لاہور نے پھلوں کے متعلق متعدد چھوٹے چھوٹے پمفلٹ اور چارٹ بھی شائع کئے ہیں۔

ذخیرہ

مطبوعہ گورنمنٹ پرنٹنگ پریس

Marfat.com

Marfat.com